دینی مدارس میں سرکاری مداخلت بالاتفاق قبول نہیں

پریس کانفرنس کنندگان

1- حضرت مولانا مفتی عبدالقیوم ہزاروی	ناظم اعلیٰ تنظیم المدارس پاکستان
2- مولانا محمد حنیف جالندھری	ناظم اعلیٰ وفاق المدارس العربیہ پاکستان
3- مولانا محمد یونس بٹ	مدیر وفاق المدارس السّلفیہ پاکستان
4- علامہ سید ریاض حسین نجفی	صدر وفاق المدارس الشیعہ پاکستان
5- مولانا فتح محمد	رابطۃ المدارس پاکستان
6- حضرت مولانا فضل الرحیم	ناظم تعلیمات جامعہ اشرفیہ لاہور

ملک بھر کے تمام مدارس دینیہ اور جامعات کی نمائندہ تنظیموں اور تمام مکاتب فکر کے پانچوں وفاق کے سربراہوں کا اجلاس 27 ست 2001ء بروز سوموار جامعہ اشرفیہ لاہور میں ہوا۔ اس اجلاس کی صدارت مولانا مفتی عبدالقیوم ہزاروی ناظم اعلیٰ تنظیم المدارس نے جس میں وفاق المدارس العربیہ پاکستان، وفاق المدارس السّلفیہ پاکستان، وفاق المدارس الشیعہ پاکستان اور رابطۃ المدارس پاکستان کے براہان نے شرکت فرمائی۔ اجلاس کے فیصلوں کا اعلان آج کی پریس کانفرنس میں کیا جارہا ہے۔

حکومت پاکستان کی جانب سے "ماڈل دینی مدارس" کے قیام اور دینی مدارس بورڈ یا کسی اور عنوان سے اس ضمن میں کیے گئے کسی اقدام کی ہم حمایت نہیں کریں گے اور اس اسکیم میں نہ شرکت کریں گے اور نہ اس مجوزہ نظام میں کسی قسم کا تعاون کریں گے۔

ہم دینی مدارس اور جامعات کی آزادی اور خود مختاری کا ہر قیمت پر تحفظ کریں گے۔ چاہے وہ مالی خود مختاری ہو یا نظام تعلیم کی، نصاب مدارس دینیہ ہو یا انتظام مدارس دینیہ ان میں سے کسی بھی قسم کی دخل اندازی چاہے وہ براہ راست ہو یا بالواسطہ اسے مسترد کرتے ہیں۔

-3 اگر کسی بھی اقدام، قانونی، انتظامی حکم نامے کے اجراء، یا دستوری ترمیم کے ذریعہ ان اداروں کو بالواسطہ یا بلاواسطہ نقصان پہنچنے کا احتمال ہوگا تو ہم نتائج کی پرواہ کیے بغیر متحد و منظم ہو کر پوری دینی حمیت اور استقامت کے ساتھ ان اداروں کا تحفظ کریں گے۔

-4 ہم حکومت پاکستان خصوصاً وزارت مذہبی امور پر واضح کر دینا چاہتے ہیں کہ یہ دینی ادارے اللہ تعالیٰ کے بھروسے پر اخلاص کی بنیاد پر قائم ہوتے ہیں۔ آغاز سے ترقی کی اعلیٰ منازل طے کرنے تک یہ مدارس اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے علماء کی شب و روز محنت اور ایمانی قوت کے ساتھ قائم و دائم ہیں۔ یہ دینی مدارس ہمارے پاس مسلمانوں کی امانت ہیں اس امانت کی حفاظت ہم ہر قیمت پر کریں گے۔

-5 دینی مدارس کا اصل سرمایہ استغناء اور توکل علی اللہ ہے ہم حکومت کی کسی بھی مالی پیشکش کی وجہ سے اپنے اصل سرمایہ کو ضائع نہیں ہونے دیں گے۔

6- ہم حکومت پر یہ بھی واضح کر دینا چاہتے ہیں کہ دینی مدارس و جامعات سے وابستہ علماء کا اور یہاں سے فارغ التحصیل ہونے والے طلباء کا مقصد حصول روزگار نہیں ہے۔ لہٰذا حکومت ان دینی مدارس و جامعات پر دینی مدارس بورڈ سے وابستہ ہونے کے لیے حصول روزگار کا لالچ ہرگز نہ دے۔

کیا حکومت پاکستان جن اداروں میں تعلیم کے نام پر کروڑوں، اربوں روپے خرچ کر رہی ہے ان کے فارغ التحصیل طلبہ کو ملازمت دینے کی گارنٹی دے رہی ہے۔ میڈیکل کالجز، انجینئرنگ یونی ورسٹیز، کمپیوٹر سائنس اور کامرس کی اعلیٰ تعلیم کے حامل افراد کو حکومت روزگار دینے میں مکمل طور پر ناکام ہے۔ اب دینی مدارس کے فاضلین کو کہاں سے روزگار مہیا کرے گی۔

7- ہم حکومت پر واضح کرتے ہیں کہ "ماڈل دینی مدارس" اور "دینی مدارس بورڈ آرڈیننس" واضح طور پر دینی مدارس اور جامعات کے خلاف سازش ہے لہٰذا ہم تمام مکاتیب فکر کے پانچوں وفاق میں سے کوئی وفاق، مدارس بورڈ یا ماڈل دینی مدارس کی اسکیم میں شریک نہیں ہوگا اور متحدہ وفاق پاکستان سے ملحق کسی بھی مدرسہ یا جامعہ کو بھی اس بورڈ یا اسکیم میں شرکت کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

اس اجلاس میں مندرجہ ذیل ذمہ داران وفاق اور منتظمین مدارس و جامعات نے شرکت کی اور اس مشترکہ اعلامیہ پر دستخط کیے

نمبر شمار	نام	دستخط	پتہ بمع فون رفیکس رموبائل
1	مولانا سلیم اللہ خان	بحروف عربی	صدر وفاق المدارس العربیہ پاکستان۔ فون 012-4571132
2	مفتی عبد القیوم ہزاروی	بحروف اردو	ناظم اعلیٰ، تنظیم المدارس پاکستان۔ فون:7657842 فیکس:7665772
3	مولانا محمد حنیف جالندھری	بحروف اردو	ناظم اعلیٰ، وفاق المدارس العربیہ پاکستان فون:061-544440
4	مولانا محمد یونس بٹ	بحروف اردو	مدیر، وفاق المدارس السلفیہ پاکستان فون:041-780274
5	حافظ سید ریاض حسین نجفی	بحروف انگلش	صدر، وفاق المدارس الشیعہ پاکستان فون:5866732-34
6	مولانا فتح محمد	بحروف اردو	رابطۃ المدارس پاکستان فون:5419520
7	مولانا حافظ فضل الرحیم	بحروف اردو	نائب مہتمم جامعہ اشرفیہ لاہور پاکستان فون:7442772 فیکس:7552986
8	مولانا محمد اعظم	بحروف اردو	مدیر امتحانات، وفاق المدارس السلفیہ پاکستان فون:0431-213596
9	مولانا محمد صدیق ہزاروی	بحروف انگلش	ناظم دفتر، تنظیم المدارس پاکستان فون:7657842
10	محمد افضل حیدری	بحروف اردو	حوزہ علمیہ جامعۃ المنتظر لاہور، فون:5857691
11	محمد یٰسین ظفر	بحروف انگلش	ناظم اطلاعات، وفاق المدارس السلفیہ پاکستان فون:042-780374
12	نصرت علی شہانی	بحروف انگلش	ناظم دفتر وفاق المدارس الشیعہ فون:5866732-34